گراؤنڈ اسٹاف کے جذبے اور عزم سے بہت متاثر ہوا ہوں، ڈیمئن ہوف

کراچی، 22 جولائی 2022ء:

ایڈیلیڈ اوول کے چیف کیوریٹر ڈیمئن ہوف نے جمعہ کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی کی پچز اور آؤٹ فیلڈ کا معائنہ کیا۔ اس دوران انہوں نے کیوریٹرز اور گراؤنڈ اسٹاف سے ملاقات بھی کی۔ اس سے قبل وہ قذافی اسٹیڈیم لاہور اور پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کا دورہ بھی کر چکے ہیں۔

کراچی میں اپنے تین روزہ قیام کے دوران ڈیمئن ہوف حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر کراچی کی پچز اور ان کی تیاری کے لیے دستیاب سہولیات کا بھی جائزہ لیں گے۔

اس دوران وہ سندھ کرکٹ ایسوسی ایشن کے کوچز اور مقامی کیوریٹرز کو پچز کی تیاری پر بھی لیکچر دیں گے۔ اپنے دورہ پاکستان کے دوران آسٹریلوی پچ ماہر تینوں ٹیسٹ سینٹرز کے گراؤنڈ اسٹاف کے جذبے اور عزم سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔

ڈیمئن ہوف کا کہنا ہے کہ یہ ان کا پاکستان میں تیسرے ٹیسٹ سینٹر کا دورہ ہے اور وہ اب تک کراچی سمیت پاکستان میں گراؤنڈ اسٹاف کے جذبے اور عزم سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ اپنے اس دورے میں وہ خیالات کا تبادلہ کرنے کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی اندازہ لگائیں گے کہ پچز کی تیاری سے متعلق پاکستان اور آسٹریلیا میں کس طرح کام کیا جاتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ لاہور اور کراچی میں پچز کی تیاری کا یہ منصوبہ پی سی بی کی معیاری پچز کی تیاری سے متعلق حکمت عملی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جس کا تمام تر کریڈٹ بھی پی سی بی کو جاتا ہے۔

آسٹریلوی پچ ماہر نے کہا کہ ایک اچھی وکٹ وہ ہوتی ہے جہاں بیٹرز اور باؤلرز دونوں کو اسپورٹ ملتی ہے۔ آسٹریلیا میں اچھی پچ اسے مانا جاتا ہے کہ جہاں ایک دن میں 300 رنز بھی بنیں اور 10 وکٹیں بھی گریں۔

آسٹریلوی مٹی آئندہ ہفتے کراچی پہنچے گی۔ اس مٹی سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی، نیا ناظم آباد کرکٹ گراؤنڈ کراچی، قذافی اسٹیڈیم لاہور اور نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر لاہور میں ایک ایک پچ تیار کی جائے گی۔

ڈیمئن ہوف نے کہا کہ آسٹریلوی مٹی سے لاہور اور کراچی میں پچز کی تیاری ایک زبردست منصوبہ ہے۔ ان پچز سے پاکستان کے کھلاڑیوں کو دورہ آسٹریلیا کی تیاریوں میں معاونت ملے گی۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and

pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.